NYC Department of Education

# ذیابیطس سیکشن 504 سہولت کا منصوبہ

تعلیمی سال:____________ 504 ٹیم اجلاس کی تاریخ:____________

اسکول کا DBN اور نام:____________

## طالب علم اور اہل خانہ کی معلومات

طالب علم کا نام:____________ معذوری / تشخیص:____________

قسم ______ذیابیطس

#OSIS: ____________ تاریخ پیدائش:____________

کلاس روم استاد:____________ گریڈ:____________

معاون پیشہ ور کا نام (اگر قابلِ اطلاق ہو):____________

والدین / سرپرست کی ترجیحی بولی جانے والی اور تحریری زبان (زبانیں):____________

## 504 ٹیم کے اراکین

504 رابطہ کار، 504 ٹیم کے تمام اراکین کے نام اور ان کے عہدے درج کریں۔

| نام | کردار |
|---|---|
| .1 | 504 رابطہ کار |
| .2 | والدین / سرپرست ہیں |
| .3 | اسکول دفتر صحت نرس (اگر قابل اطلاق ہو) |
| .4 | |
| .5 | |
| .6 | |

## اس منصوبے کے مقاصد / اہداف

ذیابیطس کی وجہ سے خون میں گلوکوز (شکر) کی سطح میں کافی کمی یا کافی زیادتی واقع ہو سکتی ہے، ان دونوں صورتوں میں طالب علم کے تعلیم حاصل کرنے کی قابلیت متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ طالب علم کی صحت کو فوری طور پر اور طویل مدت میں شدید خطرہ بھی لاحق ہو سکتا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد خون میں گلوکوز کی سطح کو محفوظ حد کے اندر برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ امداد، خدمات اور سہولیات فراہم کرنا ہے اور جتنا ممکن ہو سکے طالبِ علم کے لائسنس یافتہ معالج کی جانب سے طے کردہ حد کے نزدیک رکھا جائے۔ اس کے علاوہ طالب علم کے معالج کی جانب سے فراہم کردہ ہدایات کے مطابق مقررہ حدود سے باہر ہو جانے کی صورت میں مناسب طریقے سے نبردآزما ہوا جائے۔

504 رابطہ کار 504 ٹیم کے دیگر اراکین کے ساتھ مل کر نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) کے پروگراموں اور سرگرمیوں میں طالب علم کی ذیابیطس کی نگہداشت کے لیے انتظام کریں گے۔

اس منصوبے کا جائزہ ہر تعلیمی سال کے اختتام سے قبل یا اگر ضروری ہوا اکثر و بیشتر لیا جائے گا، اور حسب ضرورت جائزے کے وقت اس میں ترمیم بھی کی جائے گی۔

## اس منصوبے میں استعمال کی گئی اصطلاحات

***DOE* کے پروگرام یا سرگرمیاں**: محکمۂ تعلیم کے کفالت کردہ کسی بھی پروگرام یا سرگرمی، بشمول محکمۂ تعلیم کی عمارت میں PA/PTA کے کفالت کردہ بعد از اسکول پروگرامز یا غیر نصابی سرگرمیاں۔

**ذیابیطس کی دوائیاں دینے کا فارم اور ضمیمہ (*DMAF*)**: اسکول کا دفترِ صحت ادویات منگوانے کا فارم اور ذیابیطس کی نگہداشت کے طریق کار سے متعلق کسی بھی ضمیمے، بشمول ذیابیطس کے حامل کسی طالب علم کی ادویات کی ضروریات کے۔ DMAF اور کوئی بھی ضمیمہ طالب علم کے معالج کے ذریعے مکمل کیا جاتا ہے جس پر والدین / سرپرست، دستخط کرتے ہیں اور اسکول کا دفترِ صحت اس کا جائزہ لیتا ہے۔ ایک مرتبہ جب طالب علم کا DMAF (بمعہ کسی بھی ترامیم کے) تعلیمی سال میں نافذ ہونے کے لیے تیار ہو جاتا ہے تو 504 کی ٹیم اس منصوبے کا جائزہ لیتی ہے اور اگر ضروری ہوا تو نئے / ترمیم شدہ DMAF کے مطابق عمل درآمد کرنے کے لیے ضروری ترامیم کرتی ہے۔

**تربیت یافتہ غیر- لائسنس یافتہ عملہ (*TNP*)**: اسکول کا غیر طبی عملہ جنہوں نے ذیابیطس کے بارے میں بنیادی علم اور ذیابیطس کی نگہداشت کے لیے اسکول نرس کی رابطہ کاری کے ذریعے تربیت حاصل کی ہے، بشمول ہائپو گلائسیمیا کی پہچان اور علاج، ہائپر گلائسیمیا کی پہچان، خون میں گلوکوز کی نگرانی، گلوکاگان دینا اور کیٹون کی جانچ کرنا، ذیابیطس کی اس نگہداشت کو قابل اطلاق قوانین، اصولوں اور ضوابط کے تحت انجام دیں گے۔ تربیتوں میں اسکول نرس کو مناسب متعلقہ حوالے دینا شامل ہے جیسا کہ DMAF میں نشاندہی کی گئی ہے۔ تمام TNP کو اس منصوبے کی نقل فراہم کی جائے گی جس میں بمع ہائپو اور ہائپر گلائسیمیا کے اشاروں اور علامات کے اسکی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا، اور انکی ذمہ داریاں، اور اس طالب علم کے DMAF کی مخصوص ہدایات کے بارے میں یہ تربیت حاصل کریں گے۔

## 1. ذیابیطس کے لیے نگہداشت کی سہولت

1.1. کم سے کم ______ عملے اراکین، TNP بننے کے لیے سطح 2 کی ترتیب موصول کریں گے اور یہ حصہ 2.1 میں درج ہیں۔ عملے کے کم سے کم ______ ممبران، سطح 1 کے ساتھ گلوکاگون کی تربیت موصول کریں گے اور یہ حصہ 2.4 میں درج ہیں۔ ایک اسکول نرس، متبادل اسکول نرس یا معاہدے کے تحت نرس یا عملے کے یہ تربیت یافتہ ممبران اس مقام پر موجود ہوں گے جہاں یہ طالب علم اسکول کے اوقات میں، محکمۂ تعلیم کی غیرنصابی سرگرمیوں اور دوروں میں، **ہر وقت** موجود ہوتا ہے تاکہ اس منصوبے اور DMAF کی ہدایات کے تحت ذیابیطس کی نگہداشت فراہم کی جا سکے۔

1.2. نرس طالب علم کے DMAF کے تحت ذیابطیس کی ذیل میں دی گئی نگہداشت سر انجام دے گا، اور اگر ضروری ہوا، ذیل میں سے کسی میں تربیت حاصل کرے گا۔

☐ خوراک کا تعین کرنا اور انسولین دینا
☐ اگر ضروری ہوا گلوکاگان دینا
☐ اگر ضرورت ہو تو DMAF کے مطابق کیٹونز چیک کرنا
☐ انسولین دینے اور خون میں گلوکوز کے دیگر علاج کا مناسب ریکارڈ رکھنا
☐ ذیابیطس کے علاج کے بارے میں والدین / سرپرست سے رابطے میں رہنا
☐ ذیابیطس کے علاج کے بارے میں طالب علم کے معالج سے رابطے میں رہنا
☐ ضرورت پڑنے پر اسکول کے دفترِ صحت کے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا
☐ پرنسپل کے ساتھ اسکول کے عملے کی تربیت کا آغاز کرنے کے لیے رابطہ کاری کرنا

☐______________________________

☐______________________________

1.3. اگر کسی طالب علم کے لیے کوئی معاون پیشہ ور مقرر کیا گیا ہے تو اس معاون پیشہ ورکو بحیثیت ایک TNP تربیت یافتہ ہونا چاہئیے اور وہ کلاس میں یا جہاں کہیں بچہ **[جو مناسب ہے اس پر نشان لگائیں]** موجود ہے ممکنہ حد تک ذیلی ذیابطیس کی دیکھ بھال کے کام سر انجام دے گا۔

☐ ہاتھوں کی صفائی سے متعلق انفیکشن کنٹرول کے اصولوں کے مطابق معیاری احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔
حفاظتی سامان (PPE)، آلات کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنا، سوئی/نوکیلی چیزوں کو محفوظ طریقے سے تلف کرنا۔
☐ خون میں گلوکوز کی سطح کی جانچ فنگر - اسٹک آلے سے کرنا
☐ مسلسل خون میں گلوکوز کی نگرانی کے آلے (CGM) پر پیمائش کی جانچ کرتے رہنا
☐ اگر ضرورت ہو تو DMAF کے مطابق کیٹونز چیک کرنا اور اسکول کی نرس سے رجوع کرنا اگر:
☐کیٹون معتدل یا بڑھے ہوئے ہیں
☐طالب علم اچھا محسوس نہیں کر رہا ہے
☐دیگر:____________

☐گلوکاگان دینا اور ہنگامی صورت میں 911 کو کال کرنا اور ایسے واقعات کا مناسب ریکارڈ رکھنا؛ اسکول کی نرس اور انتظامیہ کو مطلع کرنا

☐ ہائپوگلائسیمیا واقع ہونے پر تیزی سے عمل کرنے والے گلوکوز یا اسنیکس دینا [**DMAF سے درج کریں:** خون میں گلوکوز __________ [mg/dL؛ نرس کو مطلع کریں

☐ ہائپرگائیسیمیا کی صورت میں پانی دیں اور نگرانی کریں [**DMAF سے درج کریں:** __________ [mg/dL؛ نرس کو مطلع کریں

☐ مندرجہ بالا کے بارے میں والدین / سرپرست سے رابطے میں رہنا

☐__________________________

☐__________________________

☐__________________________

☐__________________________

اگر طالب علم کا خون / سینسر گلوکوز خون میں گلوکوز کی نگرانی یا CGM کے ذریعے ______ mg/dL پر یا اس سے زیادہ ہے تو معاون پیشہ ور پانی پلائے گا اور طالب علم کی نگرانی کرے گا، کیٹونز کی جانچ کرے گا جیسے کے طالب علم کے DMAF میں درج کیا گیا ہے اور اسکول نرس کو اطلاع دے گا عام طور پر طالب علم کو طبی کمرے میں بڑھے ہوئے گلوکوز کی سطح کی وجہ سے نہیں رکھا جانا چاہیئے تاوقتیکہ طالب علم اچھا محسوس نہ کرے یا انسولین لے رہا ہو۔

DMAF ضمیمہ کے تحت، اگر CGM ______ سے کم ہے، یا علامات، اعداد اور / یا اشاروں سے مطابقت نہیں رکھتی تو معاون پیشہ ور فنگر اسٹک بلڈ گلوکوز جانچ کر سکتا ہے۔

جب طالب علم کے لیے مقرر کردہ معاون پیشہ ور دستیاب نہ ہو انہیں ذیابیطس کی اس نگہداشت کے لیے مناسب تربیت کا حامل معاون پیشہ ور فراہم کیا جائے گا۔

## 2. تربیت یافتہ غیر- لائسنس یافتہ عملہ

2.1 نامزد کردہ اسکول کے عملے کے اراکین، بشمول پیرا پروفیشنل اگر نامزد کیے گئے ہیں تو (اوپر سیکشن 1.1 دیکھیں)، TNP کے طور پر اپنے فرائض کو پورا کرنے کے لیے لیول 2 کی تربیت سے گزریں گے۔ ان کے مکمل نام، عہدے، اور تربیت کی تاریخیں درج ذیل ہیں:

2.2 دفتر برائے طالب علم نقل و حمل خدمات اسے یقینی بناتا ہے کہ کوئی بھی ڈرائیور یا بس نگران (اٹینڈینٹ) جو طالب علم کو لاتے لے جاتے ہیں انھوں نے نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم اور DOE کے قابل اطلاق تقاضوں کے تحت تحفظاتی تربیت اور گلوکاگان تربیت حاصل کی ہوئی ہے۔

2.3 **کوئی بھی عملے کا فرد جو ایک TNP نہیں ہے اور جو اسکول کے اوقات میں کسی وقت، محکمۂ تعلیم کی غیر نصابی سرگرمیوں یا DOE کے تفریحی دوروں کے دوران طالب علم کا ذمہ دار ہے، انہیں سطح 1 کی تربیت فراہم کی جائے گی** جس میں، ذیابیطس کا عمومی جائزہ اور ذیابیطس کے حامل طالب علم کی عام صحتیاتی نگہداشت کی ضروریات، اور خون میں گلوکوز کی کمی یا بیشی کی سطح کی پہچان، اور ایک اسکول نرس یا ایک TNP سے کیسے اور کب فوری رابطہ کرنا چاہئیے، شامل ہیں۔

عملے کے اراکین جنھوں نے یہ تربیت حاصل کی ہے ( مکمل نام، عہدے اور تربیت حاصل کرنے کی تاریخیں درج کریں): [

جسمانی تعلیم اساتذہ اور کوچز کو اس فہرست میں شامل کریں۔ حصہ 5 ملاحظہ کریں]

2.4 ذیلی افراد جنھوں نے رضاکارانہ تربیت حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے انہیں، 2.3 میں خاکہ کش کردہ تربیت کے علاوہ گلوکاگان دینے کی تربیت دی جائے گی:

Department of Education

## 3. طالب علم میں بذات خود نگہداشت کرنے اور سامان اور آلات کی جگہ کی آگہی کی سطح

3.1 (a) **جیسے کہ DMAF میں بیان گیا ہے:**

طالب علم کی خون میں گلوکوز جانچنے کی صلاحیت کی سطح حسب ذیل ہے:

☐ نرس / بالغ کو خون میں گلوکوز کی جانچ کرنا لازمی ہے

☐ طالب علم کو بالغ کی نگرانی میں خون میں گلوکوز کی جانچ کرنی چاہئیے

☐ طالب علم بغیر کسی نگرانی کے خون میں گلوکوز کی جانچ کرسکتا ہے

طالب علم کی خود انسولین لینے کی صلاحیت کی سطح حسب ذیل ہے:

☐ نرس کا محتاج طالب علم: نرس لازمی دوائی دے

☐ زیر نگرانی طالب علم: طالب علم بالغ کی زیر نگرانی خود لیتا ہے،

☐ خود مختار طالب علم: سندیافتہ فراہم کنندہ کی تصدیق سے اپنے پاس رکھتا ہے / خود (دوائی) لیتا ہے

اسکول کے اوقات کے لیے مخصوص کردہ صلاحیت کی سطح جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کسی بھی وقت اور اسکول کے کسی بھی مقام پر، فیلڈ ٹرپس پر، DOE کی غیر نصابی سرگرمیوں کی جگھوں پر، اور اسکول کی بسوں پر برقرار رکھا جانا چاہیے۔

(b) طالب علم کو ذیلی دیگر ذیابیطس کی نگہداشت کے کاموں کے لیے ایک TNP کی ضرورت ہے یا نگرانی کی ضرورت ہے (مثلاً، طالب علم کے اپنے خون میں گلوکوز کی نگرانی اور خود انسولین لینے، کارب کی تعداد کی گنتی صحیح ہونے کی تصدیق کرنے کے دوران زبانی مشورے دینا) اس کام کے لیے خود مختاری کی سطح کو واضح کریں:

3.2 طالب علم اور / یا TNP (بشمول نامزد کردہ معاون پیشہ ور) کو اجازت ہوگی کہ وہ ذیابیطس کا ذیلی سامان اور آلات ہمیشہ اور تمام مقامات پر اپنے ساتھ لے جائیں (برائے مہربانی فون اور / یا اسمارٹ گھڑی کو یہاں شامل کریں، اگر قابل اطلاق ہے): **[اس حصے کو مکمل کرنے کے لیے DMAF اور اسکول نرس سے رجوع کریں]**

3.3 ذیابیطس کا وہ سامان اور آلات اور اضافی لوازمات جو طالب علم کے ساتھ نہیں ہیں اور ان کو یہاں رکھا جائے گا: **[عموماً کمرہ جماعت اور نرس کے سیکشن / طبی کمرے میں یا TNP کے پاس** (CGM جانچ کا آلہ اور ذاتی ذیابیطس مینیجر سامان شامل نہیں ہے)]

3.4 والدین/سرپرست طالب علم کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ذیابیطس کے سامان اور خوراک فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں جیسا کہ DMAF میں کہا گیا ہے۔

## 4. اسنیکس اور کھانے

4.1 (a) کھانے اور اسنیکس DMAF کے مطابق ہوں گے۔

(b) DMAF میں ناشتے کے احکامات شامل ہیں: ☐جی ہاں ☐ نہیں

4.2 محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے غذا اور غذائیت خدمات (OFNS) کی فراہم کردہ اسنیکس اور کھانوں میں کاربوہائڈریٹ اجزا کی معلومات OFNS کی ویب سائٹ پر، یا اسکول میں موجود کھانوں کی خدمت کے منیجر سے درخواست کرنے پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔

4.3 اسنیک اور زُود اثر گلوکوز کا ذریعہ ہمیشہ طالب علم کے لیے فوراً دستیاب رہنا چاہئیے۔

4.4 ٹیچر والدین / سرپرست کو اسنیکس یا کھانوں کے شیڈول میں کسی بھی تبدیلی کے بارے کم از کم 48 گھنٹے پیشتر مطلع کرے گا، یا اگر 48 گھنٹے پیشتر اطلاع نہیں دی جا سکتی، جتنی جلد ممکن ہو اطلاع فراہم کی جائے گی۔

4.5 طالبِ علم کو نرس پر انحصار کرنے والا یا زیرِ نگرانی طالبِ علم کے اسنیک کے منصوبے میں نشان دہی کردہ وقت پر اسنیک کھانے کی اجازت ہو گی چاہیے طالبِ علم کسی بھی جگہ پر ہو، جب خود مختار طالبِ علم اسے مناسب سمجھے، یا کسی بھی طالبِ علم کے لیے علاج کے حسبِ ضرورت۔ [ اضافی زبان کو درج کریں، والدین سرپرست کی ہدایات کے ساتھ ہم آہنگ انفرادی طالبِ علم کے لیے قابلِ اطلاق جیسے کہ: طالبِ علم کو ہمیشہ وہ کھانا کھانے کی اجازت ہونی چاہیئے جس کو یہ ترجیح دیتے ہیں، بشمول تقریباتی اسنیکس جیسے کہ کپ کیکس۔ اسنیک کے وقت، ان کو اسکول یا گھر سے فراہم کردہ اسنیک میں سے انتخاب کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے۔]

4.6 تمام طلبا کو فراہم کیے جانے والے اسنیکس کے علاوہ یا اسکے بجائے کوئی اور ضروری اسنیکس والدین / سرپرست فراہم کریں گے۔

4.7 والدین / سرپرست گھر سے لائے جانے والے اسنیکس اور کھانوں میں موجود کاربوہائڈریٹ اجزا کی معلومات فراہم کریں گے۔ اگر والدین / سرپرست یہ معلومات فراہم نہیں کرتے ہیں اسکول نرس یا TNP عوام الناس کے لئے دستیاب کاربوہائڈریٹس کا حساب کرنے والی ویب سائٹ کو استعمال کریں گے۔

4.8 والدین / سرپرست کے درخواست کرنے پر شیڈول میں تبدیلی کے جواب میں اسنیکس اور کھانوں کے اوقات میں تبدیلی کی اجازت ہو گی جو کہ DMAF سے مربوط ہوں گی۔

## 5. ورزش اور جسمانی سرگرمی

5.1 طالب علم کو DMAF سے مطابقت رکھنے والی جسمانی تعلیمی کلاسوں میں اور ٹیم کھیلوں میں مکمل شرکت کرنے کی اجازت ہوگی۔

5.2 جسمانی تعلیم کے معلمین اور کھیلوں کے کوچز جُز 2.3 کے مطابق تربیت حاصل کریں گے اور اس منصوبے کی نقل موصول کریں گے۔

5.3 اسکول کے ذمہ دار عملے کے اراکین اسے یقینی بنائیں گے کہ طالب علم کے خون میں گلوکوز ناپنے کا پیمانہ، زُود اثر گلوکوز کا ذریعہ اور پانی، جسمانی تعلیم کی کلاسوں کے مقام پر اور محکمۂ تعلیم کی ٹیم کے کھیلوں کی مشقوں اور کھیلوں میں ہمیشہ دستیاب رہیں

## 6. پانی، بیت الخلا اور الیویٹر تک رسائی

6.1 طالب علم کو اجازت ہونی چاہیئے کہ طالب علم کے اپنے پاس فوری رسائی کے لیے اور طالب علم کی میز پر پانی کی ایک بوتل ہو، اور / یا بغیر کسی پابندی کے طالب علم کو پانی پینے کے فواروں کو استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔

6.2 طالب علم کو بغیر کسی پابندی کے بیت الخلا جانے کی اجازت ہوگی۔

6.3 **الیویٹر پاس:** جیسا کہ قابلِ اطلاق ہو، اسکول کے عملے کو یقینی بنانا چاہیئے کہ طالب علم کو ضرورت پڑنے پر الیویٹر تک رسائی ہے اور جب بھی ممکن ہو الیویٹر پر طالب علم کے ہمراہ جانا چاہیئے (طلباء کو الیویٹر کی چابی / چابی کارڈ جاری نہیں کیے جاتے)۔

## 7. خون میں گلوکوز کی سطح کو جانچنا، انسولین اور ادویات لینا اور خون میں گلوکوز سطح میں کمی یا بیشی کا علاج کرنا

7.1 طالب علم کے بذات خود نگہداشت کی سطح کا تعین مندرجہ بالا کے جُز 3 میں کیا گیا ہے بشمول وہ کام جن کو طالب علم خود انجام دے سکتا ہے اور وہ کام بھی جھنیں لازماً کسی اسکول نرس یا ایک TNP کے ذریعے یا ان کی معاونت کے ساتھ کرنا چاہئیے۔

7.2 خون میں گلوکوز کی نگرانی ان اوقات میں انجام دی جائیگی جو اس طالب علم کے DMAF میں طے کیے گئے ہیں، جب بھی طالب علم خون میں گلوکوز کی کمی یا بیشی محسوس کرے، یا کم یا زیادہ گلوکوز کی سطح کی علامات دکھائی دیں۔ نرس (نرسیں) یا TNP کو ہمیشہ کلاس روم میں تعلیم کے چھوٹ جانے والے وقت کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کرنی چاہئیے جب وہ یہ فیصلہ کریں کہ کس طرح ایک طالب علم کے خون میں گلوکوز کی جانچ کی انجام دہی یا مدد کریں، طالب علم کی انتہائی مناسب نگہداشت کی ترجیح کو مقدم رکھتے ہوئے۔

7.3 انسولین اور / یا ذیابیطس کی دیگر ادویات طے شدہ خوراکوں اور خون میں گلوکوز کی اونچی سطح کو درست کرنے کے لیے ضروری خوراکوں، دونوں کے لیے ایسے اوقات اور طریقوں (مثلاً، سرنج، پین یا پمپ) سے دی جائیں گی جیسے کہ طالب علم کے DMAF اور / ضمیمے میں تجویز کیا گیا ہے۔ نرسوں کو ہمیشہ کلاس روم میں تعلیم کے چھوٹ جانے والے وقت کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کرنی چاہئیے جب وہ یہ فیصلہ کریں کہ کس طرح ایک طالب علم کو انسولین دینی ہے یا نرسوں اور TNP کے لیے، طالب علم کو انسولین لینے میں مدد کرنے کے دوران انتہائی مناسب نگہداشت کی ترجیح کو مقدم رکھیں۔

7.4 504 ٹیم کے لیے طالب علم کی انفرادی ضروریات کی بنیاد پر نہ کہ دستیاب وسائل کی بنیاد پر ذیابیطس کی نگہداشت کو کم از کم پابندی کے ماحول میں رکھنے پر بات چیت کرنا اور اس کا تعین کرنا لازمی ہے۔ ذیابیطس کی نگہداشت کلاس روم میں بھی دی جا سکتی ہے یا جہاں کہیں بھی طالب علم موجود ہو، طبی کمرے، یا دیگر مقام پر، اس ہدف کے ساتھ کہ تدریس حاصل کرنے کے وقت میں کم سے کم خلل واقع ہو اور ہمسروں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت مل سکے۔

ذیابیطس کی نگہداشت کے ہر کام کے **مقام** کی وضاحت کریں:

کھانے کے وقت انسولین دی جائے گی . ____________________________________________

تصحیحی انسولین دی جائے گی . ____________________________________________

اسنیکس کے وقت انسولین دی جائے گی . ____________________________________________

خون میں گلوکوز کی جانچ کی جائے گی . ____________________________________________

کیٹونز کی جانچ کی جائے گی . ____________________________________________

7.5 اگر طالب علم چاہے اسے خون میں گلوکوز کی جانچ کرنے اور انسولین دینے میں تخلیہ فراہم کیا جائے گا۔

7.6 طالب علم کے خون میں گلوکوز کی زیادہ مقدار کی عموماً یہ علامات ہیں:

طالب علم کے خون میں گلوکوز کی کم مقدار کی عموماً یہ علامات ہیں:

اس سطح پر رد عمل کے طور پر کیا کرنا ہے اس کے بارے میں DMAF میں ہدایات بیان کی گئی ہیں۔

7.7 جب طالب علم مدد کے لیے کہتا ہے یا عملے کا کوئی رکن یہ سمجھتا ہے کہ طالب علم میں خون میں گلوکوز کی کمی یا بیشی کی علامات ظاہر ہو رہی ہیں، عملے کا رکن فوراً اسکول نرس یا TNP سے مدد حاصل کرے گا اور اس دوران یقینی بنائے گا کہ کوئی بالغ فرد مسلسل اس طالب علم کے ساتھ رہے۔ خون میں گلوکوز کی – کمی یا بیشی کے ایک واقعی – یا مشتبہ سطح والے طالب علم کو کبھی بھی کہیں اکیلے نہ بھیجیں؛ یہ یقینی بنائیں کہ طالبِ علم کے ہمراہ TNP یا کوئی اور بالغ فرد ہے۔

7.8 اگر طالب علم بے ہوش ہو جائے:

1. معاون پیشہ ور یا کوئی اور TNP خون میں گلوکوز کی جانچ کیے بغیر فوراً گلوکاگان دے گا اور 911 کو لازماً کال کرے گا۔
2. اسکول نرس یا TNP (اگر نرس دستیاب نہیں ہے) سے رابطہ کریں
3. معاون پیشہ ور، نرس یا اسکول کے دیگر عملے کو 911 کال کرنا چاہئیے اور طالب علم کے پاس رہنا چاہئیے۔
4. طالب علم کے ہوش میں آنے کے بعد، اگر 911 نہیں آئی، خون میں گلوکوز کے لیے ایک فنگر اسٹک جانچ کی جائے گی۔
5. مرکزی دفتر سے رابطہ کریں۔
6. ذیل میں دیے گئے ہنگامی نمبروں پر طالب علم کے والدین / سرپرست اور ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

7.9 اگر DMAF کے احکامات سے مطابقت رکھتے ہوں اور علاج میں مداخلت نہ ہوتی ہو، طالب علم اسکول کے عملے سے بشمول جسمانی تعلیم کے معلمین اور کوچز سے، یہ درخواست کر سکتا ہے کہ اگر طالب علم انسولین پمپ کو جسمانی سرگرمی یا دیگر سرگرمی کے دوران نہ پہننا چاہے، تو یہ اسے اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔

## 8. نقل و حمل، تفریحی دورے، اور غیر نصابی سرگرمیاں

8.1 [ **504 رابطہ کار:** اسکول کے نقل و حمل خدمات کے رابطہ کار سے تصدیق کر لینے کے بعد ذیل میں سے جو قابلِ اطلاق ہو اس پر نشان لگائیں] محکمۂ تعلیم طالب علم کو ہر روز اسکول آنے جانے کے لیے بس کے سفر کے دوران ذیل فراہم کرے گا:

☐ناقابلِ اطلاق (نقل و حمل بذریعہ بس ("بسنگ") فراہم نہیں کی جاتی)؛

☐نرس برائے نقل و حمل ؛

☐معاون پیشہ ور برائے نقل و حمل؛

☐ 504 ٹیم اس بات پر متفق ہے کہ طالبِ علم معاون پیشہ ور کی موجودگی کے **بغیر** بس میں سفر کر سکتا ہے اگر: معاون کی ذمہ داری **صرف** ذیابیطس سے متعلق ہے؛ **اور** موجود بس ڈرائیور / نگران (اٹینڈینٹ) گلوکاگان دینے کے لیے تربیت یافتہ ہیں۔

☐سڑک کے کنارے سے اسکول تک بس خدمات صرف معاون کے ساتھ؛

☐بغیر معاون کے اسٹاپ سے اسکول تک بس خدمات۔

**اور، بسنگ والے طلباء کے لیے ضروری ہے: مکمل کریں.**Bus Driver & Attendant: Quick Action Guide

8.2 طالب علم کو محکمۂ تعلیم کے تمام تفریحی دوروں اور غیر نصابی سرگرمیوں (جیسے کہ تمام DOE اسکول بعد سرگرمیاں، کھیل، کلبز اور تقویتی پروگرام) میں بغیر رکاوٹ کے اور تمام سہولتوں اور ترامیم کے ساتھ بشمول اسکول کے عملے کے ذریعے نشان دہی کردہ ذیابیطس کی نگہداشت میں شرکت کرنے کی اجازت ہوگی جیسے کے اس منصوبے میں طے کیا گیا ہے۔ طالب علم کے والدین / سرپرست کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ تفریحی دوروں یا اسکول کی دیگر سرگرمی میں طالب علم کے ساتھ جائیں، لیکن اگر جانا چاہیں تو وہ ایسا کر سکتے ہیں۔

8.3 محکمۂ تعلیم انسولین دینے کے لیے ضرورت کے مطابق ایک نرس، یا ذیابیطس کے حامل طالب علم کے لیے مطلوب تمام دیگر ذیابیطس دیکھ بھال (اس میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں، خون میں گلوکوز کی نگرانی، ہائیپو گلائسیمیا کی پہچان اور علاج، اسنیکس اور پانی، بیت الخلا تک رسائی کی فراہمی) کے لیے تربیت یافتہ عملہ فراہم کرے گا، جیسا کہ محکمۂ تعلیم کے تمام تفریحی دوروں اور غیر نصابی سرگرمیوں کے لیے ان کے DMAF میں مطلوب ہے، اور اسے یقینی بنائے گا کہ ذیابیطس کا سامان دوران سفر ایسے دوروں یا ایسی سرگرمیوں میں طالب علم کے ساتھ ہوں۔ اگر یہ عملہ اسکول نرس نہیں ہے، اسکول نرس اس نامزد کردہ عملے کو اس طالب علم کے 504 منصوبے اور DMAF بارے میں ہدایات دیں گے۔ نامزد کردہ نرس یا عملہ کا رکن اگر محکمۂ تعلیم کو اپنی عدم دستیابی کے بارے میں آگاہ کرتا ہے تو محکمۂ تعلیم فوری طور پر پوری کوشش کرے گا کہ اس نرس یا عملے کے رکن کا کوئی متبادل دستیاب بنایا جائے۔ اگر نرس یا تربیت یافتہ عملہ دستیاب نہیں ہے، پرنسپل جب بھی ممکن ہو سکے تفریحی دورے کو مؤخر کر دے یا آخری کوشش کے طور پر اس وقت تک دورہ منسوخ کر دے جب تک کہ نگہداشت کا انتظام نہیں ہو جاتا۔

8.4 جس حد تک ممکن ہو، طالب علم کا استاد والدین / سرپرست، پرنسپل اور اسکول نرس کو کسی بھی آنے والے تفریحی دوروں کے بارے میں کم از کم 2 ہفتے پیشتر مطلع کرے گا تاکہ اس دورے کے لیے نرس کی درخواست جمع کر دی جائے اور تمام توسیعی دن یا رات رکنے کے دورے سے کم از کم 30 دن پیشتر مطلع کرے گا تاکہ اضافی طبی سامان حاصل کیا جا سکے اور اس کا جائزہ لیا جا سکے اور دورے کے لیے ایک نرس کی درخواست کی جا سکے۔

8.5 محکمۂ تعلیم کی تمام سرگرمیوں اور پروگراموں کی فہرست بنائیں جن میں طالب علم شرکت کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے اور واضح کریں کہ اس سرگرمی / پروگرام کے دوران ذیابیطس کی نگہداشت کون فراہم کرے گا، وہ فرد کس قسم کی ذیابیطس کی نگہداشت فراہم کرے گا اور جس تاریخ کو انہوں نے تربیت حاصل کی تھی/ کریں گے۔ (مثلاً، اسکول کا ناشتہ، شطرنج کلب، کوائر):

پروگرام:__________________________ مطلوبہ نگہداشت:__________________________

نگہداشت فراہم کرنے والا فرد:__________________________ تربیت کی تاریخ:______________

پروگرام:__________________________ مطلوبہ نگہداشت:__________________________

نگہداشت فراہم کرنے والا فرد:__________________________ تربیت کی تاریخ:______________

پروگرام:__________________________ مطلوبہ نگہداشت:__________________________

نگہداشت فراہم کرنے والا فرد:__________________________ تربیت کی تاریخ:______________

پروگرام:__________________________ مطلوبہ نگہداشت:__________________________

نگہداشت فراہم کرنے والا فرد:__________________________ تربیت کی تاریخ:______________

8.6 اگر طالب علم کسی غیر محکمۂ تعلیم بعد از اسکول پروگرام میں شرکت کر رہا ہے تو والدین 504 رابطہ کار سے پروگرام کے خود مختارانہ عدم امتیازیت کے تقاضوں کے تحت طالب علم کی ذیابیطس کے انتظام کے لیے پروگرام کی قابلیت کے بارے میں اپنے خدشات کے لیے رجوع کر سکتے ہیں۔

## .9 کلاس روم اور امتحانی سہولیات

9.1 اگر طالب علم عام یا معیاری امتحان کے دوران خون میں گلوکوز کی کمی یا بیشی سے متاثر ہوتا ہے، طالب علم کو اجازت ہوگی کہ بغیر کسی سزا کے یہ امتحان کسی اور وقت دے سکتا ہے۔

9.2 ان طلباء کے لیے جو CGM استعمال کرتے ہیں، امتحان کے دوران ذیلی سہولیات استعمال کر سکتے ہیں **[جو مناسب ہیں ان پر نشان لگائیں، اگر کوئی ہیں]**

ذیابیطس کی نگہداشت کے لیے طالب علم کو حسبِ ضرورت فون / اسمارٹ گھڑی تک رسائی کی اجازت ہوگی جو تازہ ترین DMAF اور ضمیمے سے مطابقت رکھتی ہوں۔ کلاس روم استاد یا امتحان کا نگران طالب علم کے فون / اسمارٹ گھڑی کے استعمال کی نگرانی کرے گا تاکہ امتحان میں دیانتداری برقرار رکھی جا سکے۔

☐ امتحان کا متبادل کمرہ (تعلیمی امتحان کے لیے)

☐ فون کو ایک محفوظ جگہ پر رکھنا اور صرف خون میں گلوکوز کی جانچ کے لیے ریسیور / اسمارٹ گھڑی کا استعمال کرنا

☐ فون / اسمارٹ گھڑی کو انٹرنیٹ سے منقطع کرکے (جیسے ائرپلین موڈ استعمال کرکے لیکن بیلو ٹوتھ کو کارآمد کرکے) طالب علم کو فون / اسمارٹ گھڑی کو اپنی گلوکوز کی جانچ کرنے کے لیے استعمال کرنے دینا چاہئیے

☐ ______________________

☐ ______________________

☐ ______________________

☐ ______________________

Department of Education

9.3 اگر کسی امتحان یا سرگرمی کے دوران طالب علم کو پانی کے فوارے، بیت الخلا، خون میں گلوکوز کی جانچ، یا ہائیپوگلائسیمیا یا ہائپرگلائسیمیا کے علاج کے لیے وقفے لینے کی ضرورت ہو، طالب علم کو امتحان یا دیگر سرگرمی مکمل کرنے کے لیے بغیر کسی سزا کے حسب ضرورت اضافی وقت دیا جائے گا۔

9.4 ذیابیطس کی نگہداشت کے لیے طالب علم کو بغیر کسی سزا کے کلاس روم میں تدریس کے چھوٹ جانے پر تلافی کرنے میں مدد کرنے کے لیے تدریس دی جائے گی۔

9.5 طبی مقررہ وقتِ ملاقات (اپوائنٹمنٹ) اور / یا بیماری کے لیے درکار غیر حاضریاں قابلِ معافی ہوں گی۔ والدین / سرپرست معالج کی جانب سے دستاویز فراہم کریں گے اگر بصورتِ دیگر یہ اسکول پالیسی کے لیے درکار ہے۔

## 10. ابلاغ

10.1 اسکول نرس، TNP، اور دیگر عملہ طالب علم کی ذیابیطس کی متعلقہ معلومات کو قابل اطلاق قوانین، اصولوں اور ضابطوں کے تحت صیغئہ راز میں رکھیں گے۔

10.2 حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ طالب علم سے اس انداز سے پیش آیا جائے جس سے طالب علم کو وقت پر کھانے کی، اور طالب علم کے اینڈوکرائنولوجسٹ اور اہلِ خانہ کے باہمی تعاون سے ان کی ذیابیطس کی انتظامی صلاحیتوں میں بذات خود نگہداشت کی جانب پیش رفت کی حوصلہ افزائی ہوتی ہو۔

10.3 جب کبھی ورزش، کھیل کے میدان کے وقت، تفریحی دورے، تقریبات، یا لنچ کے اوقات میں کوئی تبدیلی ہونے جا رہی ہو استاد یا TNP مناسب طریقے سے والدین / سرپرستوں کو اطلاع دیں گے تاکہ لنچ، اسنیکس کے منصوبے اور انسولین کی خوراک میں اسی تناسب سے رد و بدل کیا جا سکے۔

10.4 طالب علم کے ساتھ کام کرنے والے ہر متبادل اسکول نرس، یا معاہدہ کے تحت نرس کو طالب علم کی ذیابیطس کی نگہداشت کے بارے میں تحریری ہدایات اور طالب علم کی DMAF اور اس منصوبے کی ایک نقل فراہم کی جائے گی۔ طالب علم کے ساتھ کام کرنے والے ہر متبادل استاد کو طالب علم کی ذیابیطس کی نگہداشت کے بارے میں معلومات فراہم کی جائے گی کہ کیسے اور کب اسکول نرس یا کسی TNP سے فوری رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

10.5 جب ایک نیا DMAF جمع ہو جائے تو والدین / سرپرست اسکول نرس کو ذیابیطس کے نئے علاج کے انتظام، آلہ اور / یا سامان کے بارے میں مطلع کریں گے۔

10.6 TNP نرس کو اسکول کے دن کے دوران گلوکوز کی نگرانی اور علاج کے بارے میں مطلع کرے گا اور طالب علم کے طبی ریکارڈ میں شامل کرنے کے لیے نرس کو اسکول دن کے اختتام تک ذیابیطس کے تمام انتظامی اعمال کی دستاویزات فراہم کرے گا۔

## 11. ہنگامی انخلا اور جائے وقوع پر پناہ

11.1 ہنگامی انخلا یا جائے وقوع پر پناہ کی صورت میں طالب علم کا 504 منصوبہ اور DMAF مکمل طور سے قابل عمل اور مؤثر رہے گا۔

11.2 اسکول نرس یا TNP طالب علم کو ذیابیطس کی نگہداشت فراہم کریں گے جیسے کے اس منصوبے اور طالب علم کے DMAF میں خاکہ کش کیا گیا ہے، یہ طالب علم کے ذیابیطس کے سامان اور آلے کے نقل و حمل کے ذمہ دار ہوں گے اور طالب علم کے والدین / سرپرست سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں گے اور تازہ ترین معلومات فراہم کریں گے اور والدین / سرپرست سے طالب علم کی ذیابیطس کے لیے نگہداشت کی معلومات حاصل کریں گے۔ جیسا کہ نشاندہی کی گئی ہے، اسکول نرس طالب علم کے طبی فراہم کنندہ سے معلومات بھی موصول کریں گے اور انہیں معلومات فراہم بھی کریں گے۔

NYC Department of Education

## 12. والدین / سرپرست کے لیے اطلاع نامہ:

12.1 **ذیلی حالات میں والدین / سرپرست کو اطلاع کریں:**

- خون میں گلوکوز کی سطح میں شدید کمی کی علامات،جیسے: **[اس طالبِ علم کے لیے شدید ہائپوگلائیسیمیا کی مخصوص علامات کو درج کریں]**
- طالب علم کے خون میں گلوکوز کی جانچ کے نتائج ______ سے نیچے ہیں یا جوس پینے یا گلوکوز کی گولیاں لینے کے 15 منٹ بعد______ سے نیچے ہیں۔
- خون میں گلوکوز کی سطح میں شدید زیادتی کے اشارے اور علامات: **[اس طالبِ علم کے لیے شدید ہائپرگلائیسیمیا کی مخصوص علامات کو درج کریں]** ____________________________________________________
- والدین / سرپرست چاہتے ہیں کہ ________ سے زیادہ (bg/sensor glucose) پر اور کیٹون کی جانچ کے نتائج کے بارے میں ان سے رابطہ کیا جائے۔ ( علاج کےلیے DMAF پر عمل درآمد کرنا لازمی ہے)
- طالب علم کھانا کھانے یا انسولین انجیکشن یا بولُس لینے سے انکار کرتا ہے۔
- کوئی چوٹ۔
- انسولین کے خراب پمپ کو درست کیا گیا ہے یا نہیں
- خراب پمپ کے باعث انسولین کے استعمال کے متبادل طریقے کو استعمال کرنا
- دیگر:

## 13. ہنگامی صورتحال میں رابطے کی ہدایات:

ذیل میں درج نمبروں پر والدین / سرپرست سے رابطہ کریں۔ اگر والدین / سرپرست تک رسائی ممکن نہ ہو سکے، ذیل میں درج دیگر ہنگامی صورت میں رابطوں یا طالب علم کے معالج سے رابطہ کریں۔

## ہنگامی صورت میں رابطے

### والدین / سرپرست

رابطہ 1

نام:___________________________________ سیل فون:___________________________________

گھر کا فون:______________________________ کام کا فون نمبر:______________________________

رابطہ 2

نام:___________________________________ سیل فون:___________________________________

گھر کا فون:______________________________ کام کا فون نمبر:______________________________

### ہنگامی صورت میں دیگر رابطے

رابطہ 1

نام:___________________________________ سیل فون:___________________________________

گھر کا فون:______________________________ کام کا فون نمبر:______________________________

Department of Education

رابطہ 2

نام:________________________ سیل فون:________________________

گھر کا فون:________________________ کام کا فون نمبر:________________________

**طالب علم کا/کے معالج:**

نام:________________________ سیل فون:________________________

گھر کا فون:________________________ کام کا فون نمبر:________________________

## دستخط

میں نے محکمہ تعلیم کے جُز 504 کے تحت غیر امتیازیت کی اطلاع اور اہلیت کی اطلاع موصول کرلی ہے. اس پر دستخط کر کے، میں اپنے بچے کو مندرجہ بالا تحریر کردہ سہولیات کی فراہمی پر رضامند ہوں۔

**منظور کردہ اور موصول شدہ:**

والدین / سرپرست کے دستخط:________________________ تاریخ:______________

**منظور کردہ اور موصول شدہ:**

اسکول منتظم کے دستخط:________________________

عہدہ:________________________ تاریخ:______________

اسکول کا دفتر صحت نرس کے دستخط (اگر اطلاق ہو)________________________

تاریخ:______________

**(ADMINISTRATIVE USE ONLY) صرف انتظامیہ کے استعمال کے لیے**

**Notes on Services Requested But Not Approved** (Notes from the 504 Coordinator)

**Notes on Accommodations Offered but Not Authorized by Parent** (Notes from the 504 Coordinator)

**Supporting Documentation**

*Has compliance information and the following documentation been submitted to the online 504 Data Tracker?*

☐504 Accommodation Request Forms

☐Notice of Non-Discrimination under Section 504

☐Notice of Eligibility Determination

☐504 Meeting Attendance Sheet

☐Signed 504 Plan

*Has the 504 information also been entered into the ATS S504 screen?*

***Health Director Approval***

*(If a funded service is authorized by your Health Director)*

ASHR Form ID: ______________________